NYC پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

Shiko këtë dokument në shqip | عرض هذه الوثيقة باللغة العربية | এই নথিটি বাংলা ভাষায় দেখুন
查看本文件的简体中文版本 | 查看本文件的繁體中文版本 | Consultez ce document en français | Gade dokiman sa a an Kreyòl ayisyen
이 문서를 한국어로 보십시오 | Документ на русском языке | Consulte este documento en español
Переглянути цей документ українською мовою | اس دستاویز کو اردو میں ملاحظہ کریں | Ushbu hujjatni ichida ko'ring O'zbek

schools.nyc.gov/MessagesForFamilies

2026 نومبر

نیو یارک شہر پبلک اسکولز(NYCPS) کی جانب سے ان تازہ ترین خبروں میں آنے والی تاریخوں کے بارے میں اہم معلومات شامل ہیں، بشمول الیکشن کے دن ریموٹ تعلیم، آنے والی والدین - اساتذہ ملاقاتیں، مڈل اور ہائی اسکول داخلوں کی آخری تاریخیں، 2027 کے موسمِ خزاں کے لیے کنڈر گارٹن کے داخلے، اور خاندانوں کے لیے ٹیکنالوجی کے بلا معاوضہ وسائل۔

مندرجات

- آنے والی اہم تاریخیں
- الیکشن کے دن ریموٹ تعلیم کی تیاری کریں
- نومبر میں والدین- اساتذہ کانفرنسیں
- مڈل اور ہائی اسکول داخلوں کی حتمی تاریخیں
- موسمِ خزاں 2027 کنڈر گارٹن داخلے
- خاندانوں کے لیے ٹیکنالوجی کے بلا معاوضہ وسائل

آنے والی اہم تاریخیں

- **3 نومبر:** مگر،   تمام طلباء کے لیے اسکول ریموٹلی کھلے رہیں گے
- **5 نومبر:** ایلیمنٹری اسکولوں کے لیے دوپہر/ شام کی والدین اساتذہ کانفرنسیں (* PTCs)
- **11 نومبر:** ویٹرنز ڈے، اسکول بند ہوں گے
- **12 نومبر:** مڈل اور D75 اسکولوں کے لیے دوپہر / شام کی PTCs کانفرنسیں*
- **19 نومبر:** ہائی اسکولوں، K–12 اور 6-12 اسکولز کے لیے والدین اساتذہ کی شام کی کانفرنس
- **20 نومبر:** ہائی اسکولوں، K–12 اور 6-12 اسکولوں کے لیے دوپہر کی PTCs*
  *(طلباء کو تین گھنٹے قبل چھٹی دے دی جائے گی)
- **26 -27 نومبر**: تھینکس گیونگ (Thanksgiving) کی تعطیلات، اسکول بند رہیں گے۔

الیکشن کے دن ریموٹ تعلیم کی تیاری کریں

منگل، 3 نومبر کو الیکشن کا دن تمام طلباء کے لیے ریموٹ تعلیمی دن ہوگا۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے پاس گھر پر انٹرنیٹ سے منسلک ایک فعال ڈیوائس موجود ہے اور وہ ریموٹ تعلیمی دن سے قبل اپنے NYCPS طالب علم اکاؤنٹ

schools.nyc.gov/StudentAccounts تک رسائی حاصل کرنے کا طریقہ جانتا ہے۔ اگر آپ کو مدد درکار ہے تو **SelfService.schools.nyc** پر جائیں یا اپنے اسکول سے پوچھیں۔.

نومبر میں والدین- اساتذہ کانفرنسیں

والدین - اساتذہ کانفرنسوں (PTCs) کا دوسرا مرحلہ **جمعرات، 5 نومبر** سے ہو گا۔ اساتذہ کے ساتھ رابطے کے اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور اہم نکات و رہنمائی حاصل کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/PTC** پر جائیں! نوٹ: انفرادی اسکولوں کی کانفرنس کی تاریخیں درج شدہ تاریخوں سے مختلف ہو سکتی ہیں۔ آپ کے بچے کا ٹیچر آپ کے ساتھ مل کر آپ کی کانفرنس کا وقت طے کرے گا۔

مڈل اور ہائی اسکول کے داخلوں کی آنے والی اہم تاریخیں

دسمبر کے آغاز میں داخلوں کی دو اہم آخری تاریخیں آ رہی ہیں! ہائی اسکول کی درخواست **جمعہ، 4 دسمبر** کو بند ہو جائے گی، اور مڈل اسکول کی درخواست **جمعہ، 11 دسمبر** کو بند ہو گی۔ ان پروگراموں کے لیے جن میں اڈیشن کی ضرورت ہوتی ہے، آپ کو **MySchools.nyc** پر درخواست کی متعلقہ آخری تاریخوں تک اپنے اڈیشن کا مواد جمع کروانا ہو گا۔

ہر داخلے کے طریقہ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/Admissions** پر جائیں۔

خصوصی ہائی اسکول داخلہ امتحان ((SHSAT

SHSAT کے لیے رجسٹر کرنے کی آخری تاریخ **30 اکتوبر** ہے۔ براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ اس سال کا امتحان ایک بار پھر ڈیجیٹل طریقے سے لیا جائے گا۔ آپ کو نومبر میں اپنے امتحان کی حتمی تاریخ کے ساتھ آپ کا امتحانی ٹکٹ فراہم کر دیا جائے گا، جبکہ امتحان کا انعقاد اس ماہ کے آخر میں ہو گا۔ مزید معلومات اور مشق کا مواد حاصل کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/SHSAT** پر جائیں.

Mark Twain- ضلع 21 صلاحیت امتحان ((Talent Test

Mark Twain - ضلع 21 صلاحیت امتحان کے لیے رجسٹریشن کی آخری تاریخ **2 نومبر** ہے۔ آپ کو دسمبر میں اپنا امتحانی ٹکٹ موصول ہو گا جس میں آپ کے امتحان کی صحیح تاریخ درج ہو گی، جبکہ امتحان کا انعقاد جنوری میں شیڈول کیا گیا ہے۔ امتحان کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/HSAuditions** پر جائیں۔

کنڈرگارٹن داخلے 9 دسمبر سے کھل رہے ہیں

منگل، 9 دسمبر سے، نیویارک شہر کے وہ بچے جو 2022 میں پیدا ہوئے تھے، موسمِ خزاں 2027 کے لیے کنڈرگارٹن کے داخلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ آپ **MySchools.nyc** میں کنڈرگارٹن قابل اور ہنر مند (G&T) اور دوہری زبان پروگراموں کو اپنے بچے کی درخواست میں شامل کر سکتے ہیں؛ G&T اہلیت کا تعین آپ کے درخواست دینے کے بعد کیا جائے گا۔ موسمِ خزاں 2027 کنڈرگارٹن کی درخواست **جمعہ، 22 جنوری، 2027** کو بند ہو جائے گی۔

اس سال کنڈرگارٹن میں داخلے کے طریقہ کار سے متعلق تفصیلات اور مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/K** دیکھیں۔

خاندانوں کے لیے ٹیکنالوجی کے بلا معاوضہ وسائل

کیا آپ کے علم میں تھا؟ نیو یارک شہر کا دفتر برائے ٹیکنالوجی اور انوویشن (The City’s Office of Technology and Innovation) طلباء اور خاندانوں کی سال بھر معاونت کے لیے بلا معاوضہ ٹیکنالوجی کے وسائل فراہم کرتا ہے، جن میں وائی فائی، کمپیوٹر تک رسائی، ڈیجیٹل مہارتوں کی تربیت، پرنٹنگ، اور سوفٹ ویئر تک رسائی شامل ہیں۔ یہ بلا معاوضہ وسائل اپنے قریب تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/GetOnline** یہاں جائیں۔